# Pakistan Tehreek-e-Insaf

**Central Media Department**

## ملکی تاریخ میں کرپشن کے سب سے بڑے مقدمے میں سپریم کورٹ سے لیکر ٹرائل کورٹ تک سزا پانے اور قوم سے بیماری کا جھوٹ بول کر جیل سے بھاگنے والے مجرم کو حفاظتی ضمانت کی فراہمی

19اکتوبر2023

- پاکستان تحریک انصاف نے احتساب عدالت اور اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے نون لیگ کے بزدل، بھگوڑے، جھوٹے، کرپٹ اور دغاباز قائد کی قانون کو پیروں تلے روند کر حفاظتی ضمانتوں کی منظوری کو مکمل طور پر مسترد کردیا
- آج کا دن ملکی عدالتی نظام کے حوالے سے ایک سیاہ ترین اور قانون و انصاف کی موت کا دن ہے۔
- جس عدلیہ کی آزادی کیلیئے قوم نے طویل اور صبر آزما جدوجہد کی اسی عدلیہ نے آج اپنے ہاتھوں سے قانون وانصاف کے سینے میں لاقانونیّت کا خنجر گھونپ دیا ہے۔
- جس عدلیہ سے قوم آئین و قانون کی بالادستی کے تحفّظ کی امیدیں لگائے بیٹھی ہے اس کے کارندے آئین و قانون کے خون سے ہاتھ رنگ رہے ہیں۔
- عدلیہ کی صفوں میں ”نظریۂ ضرورت“ والے جسٹس منیر کے وارث ”نظریۂ لاقانونیّت“ کو دوام بخشنے کیلیئے دن رات متحرک ہیں۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- ملک میں جاری بدترین سیاسی انجینئرنگ، عوام کے حقِ رائے دہی پر دن دیہاڑے ڈاکے اور سیاست کو غیر آئینی، غیر جمہوری اور غیر اخلاقی حربوں کے ذریعے غیر سیاسی حلقوں کی منشا کے تابع کرنے کے مکروہ سلسلے میں عدلیہ کا ایک حصّہ کھلا سہولتکار ہے۔
- اخلاق، کردار، ویژن، حمیّت اور عوامی تائید سے یکسر محروم ایک قومی مجرم کیلئے قانون وانصاف کا خون کرکے ریاست نہایت مہنگا سودا کر رہی ہے۔
- عدالتی پناہ میں وطن واپسی، ریاستی سرپرستی میں مینارِ پاکستان میں جلسے کا انعقاد، ریاستی ایماء پر نوّے روز کی دستوری مدّت میں انتخاب سے گریز اور اس بزدل، بے غیرت اور نکمّے شخص کیلئے مرضی کے انتخابی میدان کی تیاری سمیت ہر حربہ اور ہتھکنڈہ قوم کے سامنے بے نقاب اور عیاں ہے۔
- چیئرمین عمران خان کیخلاف بدترین امتیازی عدالتی سلوک، تحریک انصاف کو ریاستی جبر و مداخلت سے سیاست سے باہر کرنے کی کوششیں اور تحریک انصاف کے کارکنان کے بنیادی دستوری و قانونی حقوق کے تحفظ میں عدلیہ کی ناکامی نظامِ انصاف پر قوم کے اعتماد کو بری طرح مجروح کرنے کا سبب بن رہا ہے۔
- اس بزدل قومی مجرم کو عدالتی پناہ میں واپس لانے والے الٹے بھی لٹک جائیں اسے عوام سے قبولیت نہیں دلوا سکتے۔

- جمہوریت کی قبر کھود کر انتخاب اس کی جھولی میں ڈالنے کے منصوبے بنانے والے اس کے گماشتوں کے ذریعے کئے گئے 17 ماہ کے ناکام ترین تجربے کے ملک و قوم پر تباہ کن اثرات یاد رکھیں۔
- آئین کی حرمت کے تحفّظ کے ساتھ عدلیہ کو بدترین سیاسی مداخلت کے تباہ کن اثرات سے بچانا چیف جسٹس آف پاکستان کیلئے بڑا امتحان ہے۔
- عدالتِ عظمیٰ اپنا دامن، ریاست اپنی ساکھ بچائے، میاں شریف کے لونڈوں اور ان کے گماشتوں سے سیاسی میدان میں جمہور خوب اچھی طرح نمٹ لیں گے۔
- لاقانونیّت اور ملکی جمہوری نظام میں بے چہرہ کرداروں کی مداخلت قوم نے بدترین جبر و فسطائیت کے باوجود پہلے قبول کی نہ آئندہ کرے گی۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ